© rasailojaraid.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم


# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

**Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan**

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 27 - 26 - 061-6514525
فیکس نمبر: 061- 6539485


حوالہ نمبر: AM-5647-1437

تاریخ: 28-5-1437
08-03-2016

## گرامی قدر حضرت مہتمم صاحب زید مجدکم

**السلام علیکم و رحمۃ اللہ وبرکاتہ**

امید ہے مزاج گرامی بعافیت ہونگے۔

جیسا کہ آپ حضرات کے علم میں ہے کہ برِصغیر کے دینی مدارس گزشتہ ڈیڑھ سو سال سے اپنے اسلاف کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اشاعتِ دین، تعمیرِ انسانیت اور اصلاحِ امت کا فریضہ مثبت اور تعمیری انداز میں سرانجام دے رہے ہیں۔ آج وطنِ عزیز میں ایمان واسلام، غیرت وحمیت، اخلاص ومحبت اور دینداری ووفاداری کے جو مظاہر نظر آتے ہیں وہ مدارس اور ان کے صف نشین اساتذہ وطلبہ کے اخلاصِ عمل کا ثمر ہیں۔ ایمان واسلام، تہذیب وتمدن، اخلاق وشرافت، شرم وحیاء، غیرت وحمیت اور ضمیرِ وانسانیت کے چشمے انہی مدارس سے پھوٹتے ہیں اور اسلامی معاشروں کو سیراب کرتے ہیں، مدارس کو اپنے اس سفرِ عزیمت میں اپنوں اور غیروں کی دشنام طرازیوں اور طعن وتشنیع کا سامنا بھی کرنا پڑا مگر انہوں نے اپنے ہدف سے صرفِ نظر کیے بغیر سفرِ عزیمت جاری رکھا۔ مخالفت کے اس سیلاب میں مدوجزر کا سلسلہ جاری رہتا ہے آج ایک مرتبہ پھر سیکولر طبقات مُلکی اور عالمی سطح پر اسلام، اہلِ اسلام اور دینی مدارس کے خلاف برسرِ پیکار ہیں، مدارس وجامعات اور دینی شخصیات بطورِ خاص ایسی قوتوں کے نشانہ پر ہیں ان کے خلاف ایک منظم انداز میں تحریک چلائی جارہی ہے تاکہ عامۃ الناس دینی مراکز اور علماءِ حق سے بدظن اور متنفر ہوکر دین سے ہاتھ دھو بیٹھیں۔ ولا فعلها الله۔

ان حالات میں انتہائی شدت کے ساتھ اس بات کی ضرورت ہے کہ نہ صرف دینی حلقوں اور اہلِ مدارس کے درمیان رابطہ واعتماد مضبوط ہو بلکہ تمام عوامی حلقوں میں دینی مدارس کی ضرورت واہمیت، افادیت اور خدمات کو اُجاگر کیا جائے، مدارس کے بارے میں غلط فہمی یا بدنیتی پر مبنی اعتراضات کے مدلل جواب دیے جائیں اور قومی سطح پر مدارس کی حریت ومختاری کے تحفظ وبقاء کے لیے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلسِ عاملہ نے گہرے غور وفکر اور طویل مشاورت کے بعد ایک عظیم الشان مُلک گیر اجتماع کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اجتماع ''استحکام مدارس وپاکستان کانفرنس'' کے نام سے

**مورخہ 3 اپریل 2016ء بروز اتوار صبح دس بجے**
**بمقام گلشن اقبال پارک، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور**

منعقد ہو رہا ہے (ان شاءاللہ) اس اجتماع میں ہر شعبے اور ہر طبقے سے زیادہ سے زیادہ افراد کی شرکت ہمارا مطمع نظر ہے تاکہ پوری قوم مدارس کے حقیقی کردار اور روشن چہرے سے باخبر ہوسکے۔ اس اجتماع کے لیے مرکزی، صوبائی اور ضلعی سطح پر ناظم اعلی وفاق المدارس، صوبائی ناظمین اور ضلعی مسئولین کنوینز ہوں گے۔ مقامی اور تحصیل سطح پر آپ خود اس کے داعی ہوں گے اس اجتماع میں بنین وبنات کے تمام مدارس کے ذمہ دار حضرات، اساتذہ کرام اور بڑے درجے کے طلبہ کی شرکت ضروری ہے۔ مگر درحقیقت ان تمام حضرات کی حیثیت داعی اور میزبان کی ہے یہ حضرات اپنے اپنے حلقۂ اثر میں معاشرے پر اثر انداز ہونے والے تمام افراد کو اس کانفرنس میں شرکت کی بھرپور دعوت دیں اور اس کے لیے تحریکی انداز میں محنت کریں، بالخصوص سیاسی زعماء، سرکاری جامعات کے اساتذہ، وکلاء، ڈاکٹرز، تاجر حضرات، انتظامی عہدیداران اور صحافی حضرات کو بطورِ خاص مدعو فرمائیں اور ہر شہر سے منظم قافلوں کی شکل میں اجتماع گاہ تک پہنچیں، ہر قافلے کا ایک نگران ہو جس کے پاس اپنے قافلے میں شامل حضرات کی فہرست مع موبائل نمبرز ہو، نظم وضبط قائم رکھنے کے لیے شرکاء کی مکمل رہنمائی فرمائی جائے۔

اہلِ حق کا یہ اجتماع وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس کی کامیابی کے لیے کردار ادا کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے جس کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام بھی فرمایا جائے آنجناب اس اجتماع کی کامیابی کے لیے اپنے متعلقہ مسئول/ناظم سے تعاون فرمائیں اور اجتماع کی تشہیر کے لیے ہر ممکن ذریعہ بمشورہ مسئول اختیار فرمائیں۔ پینا فلیکس اشتہارات وغیرہ مرکزی سطح پر ڈیزائن کیے گئے ہیں اس سلسلہ میں مسئول سے رابطہ رکھیں، آپ کے مدرسہ سے کتنے افراد کی اس اجتماع میں شرکت متوقع ہے اس بارے میں مرکزی دفتر کو مطلع فرماویں۔

امید ہے کہ آپ اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اس اجتماع کی کامیابی کے لیے بھرپور کردار ادا فرمائیں گے۔ والسلام

ضروری ہدایات اس خط کی پشت پر ہیں
غور سے مطالعہ فرمائیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الشیخ حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان | حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر | حضرت مولانا انوار الحق | حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری | اراکین مجلس عاملہ |
| صدر الوفاق | نائب صدر وفاق | نائب صدر وفاق | ناظم اعلی وفاق | وفاق المدارس العربیہ پاکستان |

© rasailojaraid.com